سیکشن نمبر 4 : سٹور اینڈ شاپ

4.1: ہدایات برائے پان شاپ

ہدایات برائے ملازمین

1۔ پان شاپ پر کام کرنے والے ملازم دستانے، ماسک اور ہیڈ کورز کا استعمال کرنا لازمی ہے۔

2۔ پان شاپ پر کام کرنے والے ملازم کے کپڑے صاف ہوں۔

3۔ ملازم کا کام سے پہلے ہاتھ اچھی طرح دھونا ضروری ہے۔

4۔ دوران کام کھانا پینا اور سگریٹ نوشی اور پان کھانا منع ہے۔

5۔ دوران کام ملازم کے ہاتھوں میں کسی قسم کی انگوٹھی، چھلہ یا بینڈز وغیرہ نہ ہوں۔

6۔ پان شاپ پر گٹکا رکھنا اور بیچنا سختی سے منع ہے۔

7۔ پان کی تیاری میں استعمال ہونے والا پانی صاف اور پینے لائق ہو۔

8۔ پان کی تیاری میں استعمال ہونے والے تمام اجزاء کا صاف اور معیاری ہونا لازمی ہے۔

9۔ پان شاپ پر زائد المعیاد اشیاء رکھنا منع ہے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر و ضروری اقدامات

1۔ ہر ایک گھنٹے کے بعد اپنے ہاتھوں کو صابن اور صاف پانی سے 20 سیکنڈ تک دھوئیں

2۔ ماسک اور دستانوں کا استعمال یقینی بنائیں۔

3۔ اپنے اور صارفین کے درمیان کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں

4۔ رقم کے تبادلے کے دوران ناک، آنکھ اور منہ کو چھونے سے گریز کریں

5۔ روزانہ کی بنیاد پر دکان کے فرش اور کاؤنٹر کو جراثیم کش اسپرے سے صاف کریں